© rasailojaraid.com



## اردو زبان میں ایک عظیم الشان مذہبی اور علمی ذخیرہ

# "قصص القرآن" (جلد اول)

کتاب کے اس حصہ میں حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعات قبل عبور تک پوری تحقیق و تفصیل سے بیان کئے گئے ہیں۔ حضرات انبیا علیہم السلام کے حالات اور قصص قرآنی پر اردو اور دوسری زبانوں میں بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں۔ لیکن یہ واقعہ ہے کہ "قصص القرآن" کے درجہ کی کوئی کتاب آجتک کسی زبان میں شائع نہیں ہوئی۔ جس میں عبر و نصائح کے اس عظیم الشان دفتر کو ایسی جامعیت اور تحقیق کے ساتھ یکجا کیا گیا ہو۔ "قصص القرآن" نہ صرف انبیا علیہم السلام کے سوانح حیات کی مستند ترین تاریخ ہے بلکہ قرآنِ پاک کے ایک بہت بڑے حصہ کی بلند پایہ محققانہ تفسیر بھی ہے۔ جس کی خوبیوں اور خصوصیتوں کا صحیح اندازہ مطالعہ کے بعد ہی ہو سکتا ہے۔ ذیل میں چند خصوصیتیں درج کی جاتی ہیں۔

(۱) تمام حالات و واقعات کی اساس قرآنِ عزیز کو بنایا گیا ہے اور احادیث صحیحہ اور تاریخی بیانات سے ان کی توضیح و تشریح کی گئی ہے۔ (۲) جدید تاریخ اور کتبِ عہد قدیم کے درمیان اور قرآنِ عزیز کے بیان کے درمیان اگر کہیں تعارض و اختلاف ہو گیا ہے تو کھلے ہوئے دلائل و براہین سے ذریعہ اس اختلاف میں تطبیق دینے کی کوشش کی گئی ہے اور پھر صداقتِ قرآنی کو وضاحت سے ثابت کیا گیا ہے۔ (۳) اسرائیلی خرافات اور معاندین کے مزخرفات اعتراضات کی حقیقت کو پوری طرح ظاہر کیا گیا ہے (۴) خاص خاص مقامات پر تفسیری، حدیثی اور تاریخی مشکلات پر بحث کے بعد سلف صالحین کے مسلک کے مطابق ان مشکلات کا حل پیش کیا گیا ہے (۵) ان تمام امور کے ساتھ ساتھ واقعات کے اصل مقصد اور حقیقی غرض و غایت یعنی عبرت و بصیرت کے پہلو کو خاص طور پر نمایاں کیا گیا ہے۔ صفحات ۴۰۰ بڑی تقطیع کتابت طباعت نہایت اعلیٰ۔ قیمت غیر مجلد چار روپیہ مجلد للعہ(چار روپیہ آٹھ آنے)

**ملنے کا پتہ۔ منیجر ندوۃ المصنفین قرول باغ نئی دہلی**

© rasailojaraid.com